24-03-2026 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......آل انڈیا ریڈیو کے ڈائریکٹر جنرل راجیو کمار جین نے کہا کہ تیزی سے بدلتے ہوئے ڈیجیٹل دور میں بھی آل انڈیا ریڈیو کے خبروں کی منفرد اہمیت ہے۔

ے

......ریاستی وزیر سریدھر بابو نے کہا کہ تمام کے تعاون سے حیدرآباد کو شاندار شہر بنانے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔

......ریاستی وزیر پونگولیٹی سرینواس نے کہا کہ ریاست میں پانچ سال سے زیر التواء وسادہ بیعانامہ درخواستوں کی عاجلانہ یکسوئی کی جائے گی۔

......ریاستی وزیر اڈولوری لکشمن نے بتایا کہ امبیڈکر اوورسیز اسکیم کے ذریعہ 2023 سے تقریباً 2000 طلبا کو اسکالرشپ کی سہولت فراہم کی گئی۔

DG AIR

آل انڈیا ریڈیو کے ڈائریکٹر جنرل راجیو کمار جین نے کہا کہ تیزی سے بدلتے ہوئے اس دور میں بھی ڈیجیٹل کی دنیا میں آکاشوانی کے خبروں کو اہمیت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ روایتی ریڈیو کے خبروں کے نشریات کے ساتھ سوشیل میڈیا میں بھی اس کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ آل انڈیا ریڈیو حیدرآباد کے علاقائی خبروں کے شعبے کی جانب سے پارٹ ٹائم کرسپانڈنٹ ۔ کیوژل نیوز ایڈیٹرس۔ نیوز ریڈرس کے لئے منعقد کئے گئے ایک تربیتی پروگرام میں انہوں نے مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر آکاشوانی حیدرآباد کے ریجنل نیوز یونٹ ہیڈ وڈپٹی ڈائریکٹر ایم ایس مہیش نے مہمانوں کا استقبال کیا۔ اس موقع پر راجیو کمار جین نے کہا کہ آکاشوانی اپنے کرسپانڈنٹس کو تربیتی کیمپ منعقد کرتے ہوئے ان کے پیشے میں مہارات پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

Byte Dir Rajivee kumar jain

اس موقع پر راجیو کمار جین نے کہا کہ حاصل ہونے والی اطلاعات کی جانچ کے بعد اس کی اس کی تصدیق کر لینے کی ذمہ داری کرسپانڈنٹس پر عائد ہوتی ہے۔ جبکہ تلنگانہ میڈیا اکیڈیمی کے چیرمین سرینواس ریڈی ۔ پی آئی بی حیدرآباد کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل شروتی پاٹل ۔ اکاوشوانی حیدرآباد کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل ۔کلسٹر ہیڈ ہری سنگھ۔ اور دیگر نے اس پروگرام میں شرکت کی۔

Byte Dir Rajivee kumar jain

ASSEMBLY REVENUE MINISTER

ریاستی وزیر مال پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں سال 2020 سے زیر التوء تمام سادہ بیعانامہ درخواستوں کی جلد سے

جلد یکسوئی کی جائے گی۔ انہوں نے قانون ساز کونسل میں این ستیم کی جانب سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ سابق حکومت نے اس مسئلہ کی یکسوئی میں دلچسپی نہیں لی۔ انہوں نے بتایا کہ بھو بھارتی قانون میں اس مسئلہ یکسوئی کی راہیں ہموارہ کرتے ہوئے جی او نمبر 76 جاری کیا گیا۔ ریاستی وزیر نے مزید کہا کہ ریاست میں نولاکھ سے زائد درخواستیں زیرالتواء ہیں۔ ان کی عاجلانہ یکسوئی کی جائے گی۔

ASSEMBLY SRIDHARBABU

ریاستی وزیرڈی سریدھر بابو نے بتایا کہ شہر حیدرآباد کو تمام تعاون سے شاندار طریقے سے ترقی دی جائے گی۔ انہوں نے اسمبلی میں ارکان کی جانب سے پوچھے گئے سوال کا چیف منسٹر کی جانب سے جواب دیتے ہوئے بتایا کہ تقریباً 16 ہزار کروڑ کی لاگت سے شہر میں ترقیاتی کام جاری ہیں۔ 2026-27 مالیاتی سال کے دوران شہر کی ترقی کے لئے 2250 کروڑ روپے خررچ کئے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہر میں ٹریفک کے مسئلہ کو نظر میں رکھتے ہوئے مستقبل کی ضروریات کے مطابق منصوبے کو قطعیت دی جائے گی۔

CIVIL SUPPLIES

محکمہ سیول سپلائز کے عہدیداروں نے کہا کہ ریاست میں کہیں بھی پٹرول، ڈیزل اور پکوان گیاس کی قلت نہیں ہے۔ آئیل ریفائنری سے مقامی ڈپوز تک ایندھن کی سبراہی کا عملہ بہتر انداز میں کام کررہا ہے۔ ریاست کے تمام اضلاع میں عوام کی ضروریات کے مطابق ایندھن کا ذخیر دستیاب ہے۔ افواہوں کی وجہ سے پٹرول پمپس پرعوام کا ہجوم دیکھا جارہا ہے۔ پٹرول پمپس پر لمبی قطاریں اور عارضی ۔نو اسٹاک۔ کے بورڈس آویزاں کئے جارہے ہیں۔ محکمہ سیول سپلائز نے کہا کہ ایندھن کی ضرورت کے لئے عوام کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

MANUU -REDIO

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی گچی باولی کیمپس میں ریڈیو مانو 90FM کے نام سے کمیونٹی ریڈیو اسٹیشن کا آغاز کیا گیا ہے۔ اس اسٹیشن کا آل انڈیا ریڈیو ڈائریکٹر جنرل راجیو کمار جین نے آغاز کیا۔

اس تقریب میں یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسین اور دیگر موجود تھے۔ یونیورسٹی انسٹرکیشنل میڈیا سنٹر کو ترقی دیتے ہوئے اس ریڈیو اسٹیشن کے ذریعہ مقامی افراد کو خدمات کی فراہمی ہی اس کا مقصد ہے۔ یہ پلیٹ فارم سماج سے متعلق مسائل کی یکسوئی کے لئے خدمات انجام دے گا۔

WORLD TUBERCULOSIS DAY- DIST

ریاست بھر میں آج عالمی یوم تپ دق منایا جارہا ہے۔ اس موقع پر ضلع مستقر اور شہروں کے طبی مراکز میں محکمہ صحت کے زیراہتمام ''ٹی بی مفت ابھیان'' کے زیرعنوان 100 کے خصوصی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ نرمل میں منعقدہ پروگرام میں ضلع کلکٹر راجرشی شاہ۔ سنگاریڈی میں ضلع کلکٹر پراوینیا۔ آصف آباد میں ڈسٹرکٹ میڈیکل آفیسر سیتارام۔ اور بھدرادری کوتہ گوڑم میں ڈسٹرکٹر میڈیکل آفیسر تکارام نے شرکت

کی۔انہوں نے تمام سے ٹی بی سے پاک تلنگانہ کی جو وجہد میں شراکت دار بننے کی اپیل کی۔

ASSEMBLY KOMATIREDDY

ریاستی وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے واضح کیا کہ ایل بی نگر سے حیات نگر تک ایلیوٹیڈ کاریڈور کی تعمیر کو مرکزی حکومت کے سالانہ منصوبے میں شامل کرنے کے بعد ڈی پی آر تیار کیا جائے گا۔اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران کسی ریڈی نارائن ریڈی، دیوی ریڈی سدھیر ریڈی۔اور دیگر کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کا ریاستی وزیر نے جواب دیا۔انہوں نے بتایا کہ ایل بی نگر کے بعد پناما کے قریب فلائی اوور کی تعمیر کو مرکز نے منظوری دی ہے۔شہر میں ٹریفک کے مسئلہ پر قابو پانے کے منصوبے کے ساتھ اقدامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ اندرون دو تا تین گھنٹے وجئے واڑہ پہونچنے کے لئے ڈبل ڈیکر روڈ منظور کروائی گئی ہے۔

MULUGU -ANGANWADI

ضلع کلکٹر ملوگو دیوا کرا ٹی ایس نے آنگن واڑی مراکز میں بچوں کو حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی خدمات پر موثر طریقے سے عمل آوری کی ہدایت دی ہے۔انہوں نے ضلع کے گوندارا و پیٹ منڈل میں واقع نرسری۔آنگن واڑی مراکز کا معائنہ کیا۔ضلع کلکٹر نے کہا کہ آنگن واڑی مراکز میں بچوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے اور انہیں معیاری خوارک فراہم کی جائے۔

ASSEMBLY ADLURI LAXMAN

ریاستی وزیر اڈلوری لکشمن نے بتایا کہ امبیڈکر اوورسیز اسکیم کے ذریعہ سال 2023 سے ابھی تک تقریبا دو ہزار طلبا کو بیرون ممالک کے تعلیمی اداروں کے ذریعہ اسکالرشپ ادا کی گئی۔انہوں نے اسمبلی میں وقفہ سوالا کے دوران بی آر ایس رکن اسمبلی تارک راما راو۔سی پی آئی کے رکن اسمبلی کے سامبا شیوا راو۔کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کا جواب دیتے ہوئے یہ بات کہی۔ریاستی وزیر نے بتایا کہ اس اسکیم پر عمل آوری کے لئے ابھی تک 607 کروڑ روپئے خرچ کئے گئے ہیں۔بیرونی ممالک میں تعلیم حاصل کرنے والوں کے اس اسکیم کے تحت قواعد کے مطابق حکومت کی جانب سے فیس ادا کی جارہی ہے۔اس اسکیم کی اہمیت کی نشاندہی کرتے ہوئے اس کے تحت منتخب طلبا کو مقررہ وقت میں اسکالرشپ ادا کرنے کی ارکان نے خواہش کی۔

NIRMAL - COLLECTOR

ضلع کلکٹر نرمل ابھیلشا نے کہا ہے کہ سرکاری اسکولس میں تعلیم کا مقصد طلبا کی صلاحیتوں میں اضافہ ہے۔انہوں نے سارنگاپور منڈل چنچولی بی موضع میں واقع ضلع پریشد ہائی اسکول کا اچانک معائنہ کیا۔اور طلبا سے بات چیت کی۔انہوں نے طلبا کو مشورہ دیا کہ روزانہ پابندی سے اسکول آئیں۔اور اساتذہ کی جانب سے پڑھائے گئے اسباق کو غور سے سنیں۔انہوں نے خواہش ظاہر کی کہ ہر کوئی اچھی طرح تعلیم حاصل کرے۔اور زندگی میں بلند مقام حاصل کرے۔

KAMAREDDY COLLECTOR

نظام آباد ضلع کلکٹر ایلا ترپاٹھی نے عوامی حکمرانی۔ترقی کے منصوبے کے تحت بورگم گورنمنٹ ضلع پریشد ہائی اسکول کے طلبا کے لئے ایک آئی

کیمپ کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ اس موقع پر طلبا میں مفت عنکیں بھی تقسیم کی گئیں۔ اس موقع پر ضلع کلکٹر نے کہا کہ آنکھوں کی بنیائی کی حفاظت کرنے کی ذمہ داری ہر ایک پر عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے بنیائی کے مسائل کو نظر انداز نہ کرنے بلکہ وقفہ وقفہ سے آنکھوں کی معائنہ کروانے پر زور دیا۔ ضلع کلکٹر نے کہا کہ ضلع میں 70 ہزار طلبا کو آنکھوں کا معائنہ کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ اب تک 41 ہزار طلبا کے معائنے کئے گئے ہیں۔